https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

روزنامہ Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta کوئٹہ

بلوچستان آبزرور

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | منگل 18 اگست 2026ء | 4 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 131

عمان نے ہر زمین امریکی کوششوں میں مداخلت کی تو حملہ کیا جائے گا، ٹرمپ

امریکا سے کوئی رابطہ نہیں ہوا، ایرانی پاسداران انقلاب کا ٹرمپ کے دعوے کی تردید

جتنے ہتھیار اب تک امریکا نے استعمال کیے ہیں، وہ نہ ہونے کے برابر تھے، امریکی انتظامیہ نے پاسداران انقلاب کے ساتھ براہِ راست پسِ پردہ رابطے کا راستہ قائم کر لیا، انٹرویو

ایسی خیالی باتیں جنگ میں ناکامی کے باعث پیدا ہونے والے وہم اور ڈر نے خوابوں کا نتیجہ ہیں ڈونلڈ ٹرمپ کے پاس اب ایک ہی راستہ باقی ہے، وہ اپنی شکست اور ایران کی مقررہ شرائط کو تسلیم کریں، ترجمان ایرانی پاسداران انقلاب

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے عمان پر حملے کی دھمکی دی ہے۔ امریکی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ عمان نے آبنائے ہرمز میں امریکی کوششوں میں مداخلت کی تو حملہ کیا جائے گا۔ اس سے پہلے بھی مئی میں امریکی صدر نے عمان پر حملے کی دھمکی دی تھی۔ ٹرمپ نے کہا کہ امریکی انتظامیہ نے پاسداران انقلاب کے ساتھ براہِ راست پسِ پردہ رابطے کا راستہ قائم کر لیا۔ انکا کہنا تھا کہ (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

تہران (این این آئی) ایرانی پاسداران انقلاب کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل حسین محبی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس دعوے کی تردید کردی ہے کہ واشنگٹن اور پاسدارانِ انقلاب کے درمیان براہ راست پس پردہ رابطہ قائم ہو چکا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

خان یونس، غزہ میں صیہونی فوج کی فائرنگ سے شہید فلسطینی شہری کی رخصتی کے موقع پر عزیز و اقارب اور سوگوار غم سے نڈھال دکھائی دے رہے ہیں

پاکستان کی بجٹ شفافیت 2 سال میں 50 فیصد بہتر، سکور 30 سے بڑھ کر 45 ہوگیا، خرم شہزاد

ایگزیکٹو بجٹ پروپوزل کا سکور 43 سے بڑھ کر 57 ہوگیا، اس میں 14 پوائنٹس کا اضافہ ہوا، مشیر خزانہ

لاہور (این این آئی) مشیر خزانہ خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پاکستان کی بجٹ شفافیت میں صرف 2 سال کے دوران نمایاں بہتری آئی ہے اور آزادانہ طور پر کیے گئے جائزے (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

پائیدار امن عوام کے روشن اور خوشحال مستقبل کیلئے بنیادی شرط ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ میں مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کے حوالے سے صدر (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

کیش لیس معیشت کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں، بلال کیانی

وزیراعظم شہباز شریف ذاتی طور پر کیش لیس معیشت کے عمل کی نگرانی کر رہے ہیں، وزیر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے ریلوے و خزانہ بلال اظہر کیانی نے جے ایس بینک کی قیادت کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی ملاقات کے دوران پاکستان کو کیش لیس معیشت بنانے اور ملک بھر میں ڈیجیٹل مالیاتی شمولیت کو تیز کرنے کے لیے حکومتِ پاکستان کے (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

اداروں کو خود مختار اور بااختیار ہو کر خود فیصلے کرنا ہوں گے، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے جامع ٹرانسفارمیشن پلان طلب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزارتِ داخلہ (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

عدالتی کارروائی میں مداخلت کی کوشش کرنیوالے کسی بھی شخص کیخلاف قانون کے تحت کارروائی کی جائیگی، بلوچستان ہائیکورٹ

جوڈیشل افسران اپنی پوسٹنگ یا تبادلے کے لیے براہِ راست یا بالواسطہ کسی فرد یا ذریعے سے سفارش یا رجوع نہیں کریں گے

عدالتی یا انتظامی امور میں غیر قانونی یا بیرونی اثر و رسوخ ڈالنے کی کسی بھی کوشش کی فوری طور پر رجسٹرار بلوچستان ہائی کورٹ کو اطلاع دیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائی کورٹ نے عدالتی آزادی کے تحفظ، عدالتی کارروائیوں میں بیرونی اثر و رسوخ کی روک تھام اور جوڈیشل افسران کی غیر جانب داری یقینی بنانے کیلئے تمام ماتحت عدالتوں کے جوڈیشل افسران کو سخت ہدایات جاری کر دیں چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ کے حکم پر جاری ہدایات میں واضح کیا گیا ہے کہ تمام جوڈیشل افسران اپنے فرائض قانون کے مطابق آزادانہ، غیر جانب دارانہ، دیانت (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد ٹیکنالوجی پارک کو چلانے کیلئے مکمل طور پر آؤٹ سورس کیا جائے

شہباز شریف

این آئی ٹی بی کی رائٹ سائیزنگ کی جا چکی ہے اور اہم عہدوں پر تعیناتی ایک شفاف طریقے سے کی جارہی ہے، تمام وفاقی وزارتیں ای آفس پر منتقل ہو چکی ہیں

شہریوں کو بروقت، شفاف اور آسان ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ ادارے مربوط انداز میں کام کریں، اسلام آباد ٹیکنالوجی پارک کی تعمیر کو جلد مکمل کرنے اور ٹیکنالوجی پارک کو ترجیحی بنیادوں پر فعال کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کو شہریوں کے لیے آسان، مؤثر اور جدید ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہریوں کو بروقت، شفاف اور آسان ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ ادارے مربوط انداز میں کام کریں، اسلام آباد ٹیکنالوجی پارک کو چلانے کیلئے مکمل طور پر آؤٹ سورس کیا جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ میں جاری اصلاحات اور اسلام آباد ٹیکنالوجی پارک کی تعمیر کی پیشرفت کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم نے نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کو شہریوں کیلئے آسان، مؤثر اور جدید ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کی ۔ شہباز شریف نے کہا کہ شہریوں کو بروقت، شفاف اور آسان ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی کے لیے تمام (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم محمد شہباز شریف نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ میں جاری اصلاحات اور اسلام آباد ٹیکنالوجی پارک کی تعمیر کی پیشرفت کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تمام شہری اپنے علاقوں کیلئے مقامی طور پر موزوں شجر کی اقسام لگائیں، صدر زرداری

صدر مملکت کی مون سون شجرکاری مہم کے آغاز پر میں پاکستان کے عوام کو مبارک باد

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے مون سون شجرکاری مہم کے آغاز پر میں پاکستان کے عوام کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام شہری اپنے علاقوں کیلئے مقامی طور پر موزوں شجر کی اقسام لگائیں اور ان کے تحفظ اور بقا کو یقینی بنائیں، ہم سب کو مل کر ایک سرسبز، صاف ستھرے اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کیلئے ہر دم تیار پاکستان کیلئے کام کرنا چاہیے ۔ مون سون شجرکاری مہم کے موقع پر اپنے پیغام میں صدر مملکت نے کہا (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

ہر قیدی کیلئے قانون ایک ہونا چاہیے، اعظم نذیر تارڑ

بانی پی ٹی آئی کو خصوصی سہولت دینے کا مطالبہ قانون کے خلاف ہے، سینٹ میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف اور انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ ہر قیدی کے لیے قانون ایک ہونا چاہیے، بانی پی ٹی آئی کو خصوصی سہولت دینے کا مطالبہ قانون کے خلاف ہے، کسی کو قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جا سکتا۔ پیر کو سینٹ میں سینیٹر اعظم سواتی کی جانب سے اٹھائے گئے نکات پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک میں ہر معاملہ قانون اور ضابطے کے مطابق ہونا چاہیے، کسی فرد کے لیے الگ قانون نہیں بنایا (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

بلوچستان حکومت کا اخوت کے ذریعے بلاسود قرضے دینے کا فیصلہ

بلاسود مالی معاونت پروگرام کے تحت لائیو اسٹاک، ماہی گیری، کان کنی اور دیگر چھوٹے کاروباری شعبوں کیلئے 5 لاکھ تک بلاسود قرضہ ملے گا

مالی معاونت کے اقدامات کے لیے 6 ارب کی رقم بھی مختص کی گئی ہے، سیکرٹری خزانہ بلوچستان جہانگیر کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے کم آمدنی والے گھرانوں، نوجوانوں اور چھوٹے کاروباری اداروں کے لئے اچھی خبر ہے کہ صوبائی حکومت نے انہیں اخوت کے ذریعے بلاسود قرضے دینے کا فیصلہ کرلیا ہے، مالی معاونت کے اقدامات کے لیے 6 ارب کی رقم بھی مختص کی گئی ہے۔ یہ بات سیکرٹری خزانہ بلوچستان جہانگیر کاکڑ نے نجی ٹی وی کو بتائی۔ جہانگیر کاکڑ نے بتایا کہ بلوچستان حکومت نے اخوت کے (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

علاج میں کوتاہی کی ذمہ داری عدالت کی ہے یا جن کی کسٹڈی میں وہ ہو، رانا ثناء اللہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثنا اللہ نے سینیٹ میں علامہ راجہ ناصر عباس کو جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ قائد حزب اختلاف نے کہا کہ عمران خان کی صحت ٹھیک نہیں، رولز کے مطابق جو شخص عدالتی کسٹڈی میں ہے اس کا اختیار عدالت (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

سکیورٹی فورسز کا بلوچستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 2 دہشتگرد ہلاک

بسیمہ کیمپ سے 12 کلومیٹر شمال میں کلی زائیک اور کاغلی کے درمیان دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کی گئی

راولپنڈی (این این آئی) سکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کیخلاف کارروائیوں کے نتیجے میں دو دہشتگرد مارے گئے۔ سکیورٹی ذرائع (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے پاکستان چین سپورٹس فٹ ویئر تعاون کے معاہدے پر دستخط

لاہور (این این آئی) پاک چین صنعتی تعاون سے اسپورٹس فٹ ویئر شعبے میں نئی پیشرفت سامنے آئی ہے۔ اسی سلسلے میں ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے پاکستان (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ انرولمنٹ رولز میں 2 اپریل 2026 کی ترامیم کالعدم قرار

انرولمنٹ کے عمل میں شفافیت، میرٹ اور عدالتی نگرانی کو برقرار رکھنا ناگزیر ہے، کیونکہ وکالت ایک باوقار پیشہ ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائی کورٹ نے بلوچستان بار کونسل کے انرولمنٹ رولز میں 2 اپریل 2026 کی ترامیم کالعدم قرار دے دیں بلوچستان ہائی کورٹ نے آئینی پٹیشن نمبر 471/2026 میں اہم فیصلہ سناتے ہوئے بلوچستان بار کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کی جانب سے 2 اپریل 2026 کو بلوچستان لیگل پریکٹیشنرز اینڈ بار کونسل رولز 2020 میں کی گئی ترامیم کو (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

وفاقی آئینی عدالت نے کارپوریٹ ٹیکس دہندگان کے حق میں فیصلہ جاری

سپر ٹیکس کے خلاف ٹیکس کریڈٹ کی ایڈجسٹمنٹ کو قانون کے مطابق بالکل جائز قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے کارپوریٹ ٹیکس دہندگان کے حق میں ایک بڑا فیصلہ سناتے ہوئے سپر ٹیکس کے خلاف ٹیکس کریڈٹ کی ایڈجسٹمنٹ کو قانون کے مطابق بالکل جائز قرار دے دیا ہے اور اس حوالے سے اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

ٹرمپ نے جنگ کے خاتمے کیلئے تہران کو سفید جھنڈا لہرانے کا مشورہ دے دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران پر دباؤ مزید بڑھاتے ہوئے کہا ہے کہ جنگ کے خاتمے کے لیے تہران کو سفید جھنڈا لہرا کر ہتھیار ڈال دینے (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزراء پر مشتمل حکومتی وفد کا محمود اچکزئی سے ملاقات

اپوزیشن لیڈر سے حکومتی وفد کی ملاقات، پی پی قائدین (آج) ملیں گے

کوئی گلہ شکوہ نہیں وزیراعظم خط کا جواب دے رہے ہیں اس پر بات چیت ہوئی، رانا ثنا اللہ کی ملاقات کے بعد گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزراء پر مشتمل حکومتی وفد نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ملاقات کی جس میں سیاسی امور اور وزیراعظم کو لکھے خط پر بات چیت کی گئی۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں حکومتی وفد جس میں وفاقی وزیر رانا ثنا اللہ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اور طارق فضل نے محمود خان اچکزئی سے ان کے چیمبر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں اپوزیشن لیڈر کی جانب سے وزیراعظم کو لکھے خط پر مشاورت کی گئی۔ ملاقات کے (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

لاہور، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر دھرنا کے مقام پر پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان اور قطر موجودہ کشیدگی کم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، اسماعیل بقائی

تہران (این این آئی) ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

پاکستان نے اقوام متحدہ کی کانفرنس برائے تخفیف اسلحہ کی صدارت سنبھال لی

فورم میں تخفیف اسلحہ اور اسلحہ کنٹرول معاہدوں پر مذاکرات ہوتے ہیں۔ دفتر خارجہ

اسلام آباد / جنیوا (این این آئی) پاکستان نے اقوام متحدہ کی کانفرنس برائے تخفیف اسلحہ کی صدارت سنبھال لی، جنیوا میں کانفرنس برائے تخفیف اسلحہ کے اجلاسوں کی صدارت پاکستانی سفیر طاہر حسین اندرابی نے کی۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کے مطابق پاکستان 2026 کے سیشن کی آخری صدارت کے طور پر کانفرنس کی سالانہ کارروائی عمل کرے گا، پاکستان کی صدارت (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

طلال چوہدری کی اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت

حکومت کسی سیاسی جماعت کے سیاسی موقف یا احتجاج کے حق سے انکار نہیں کرتی، وزیر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کی مذاکراتی کمیٹی اب بھی موجود ہے، حکومت کسی سیاسی جماعت کے سیاسی موقف یا احتجاج کے حق سے انکار نہیں کرتی تاہم ملاقاتیں جیل مینول اور عدالتی احکامات کے مطابق ہی ہوں گی۔ پیر کو سینٹ میں سینیٹر مشال یوسفزئی کی جانب سے (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

پیپلز پارٹی کا آزاد کشمیر الیکشن نئے صوبوں کا معاملہ پارلیمان میں اٹھانے کا فیصلہ

پارٹی کے پارلیمنٹیرینز ایوان میں نئے صوبوں کے قیام سے متعلق اظہار خیال کریں گے اور پارٹی کا مقف سامنے رکھیں گے

آزاد کشمیر انتخابات سے متعلق پارٹی کے تحفظات اور مبینہ دھاندلی کے معاملے پر بات کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے آزاد کشمیر انتخابات اور نئے صوبوں کے معاملے پر اپنا موقف پارلیمان میں بھرپور انداز میں پیش کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری آئندہ دو روز کے دوران قومی اسمبلی سے خطاب کرسکتے ہیں جس میں وہ آزاد کشمیر انتخابات سے متعلق پارٹی کے تحفظات اور مبینہ دھاندلی کے معاملے پر بات کریں گے۔ ذرائع کے مطابق بلاول بھٹو زرداری آزاد کشمیر انتخابات کے حوالے سے وفاقی حکومت کے ساتھ ہونے والے مذاکرات اور آئندہ کے لائحہ عمل پر بھی ایوان کو اعتماد میں لیں (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، عوامی نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام شہداء اگست کی یاد میں منعقدہ تعزیتی ریفرنس سے اے این پی کے صوبائی صدر اصغر اچکزئی خطاب کر رہے ہیں کبیر محمد شہی، عیسیٰ روشان ملک نصیر شاہوانی انجینئر زمرک اچکزئی اور دیگر اسٹیج پر بیٹھے ہیں

جنگلات کے رقبے میں اضافے کو قومی ترجیحات میں شامل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ درخت ماحول کے تحفظ، ماحولیاتی توازن کے (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم نیشنل یوتھ کونسل کے چوتھے بیچ کیلئے درخواستوں کی آخری تاریخ میں توسیع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم یوتھ پروگرام نے وزیراعظم نیشنل یوتھ کونسل کے چوتھے بیچ کے لیے درخواستیں جمع کرانے (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

مرطبات لیوی کی منظوری تک سڑکوں سے نہیں اٹھیں گے، حافظ نعیم الرحمٰن

پٹرولیم لیوی کے خلاف جماعت اسلامی کے دھرنے دوسرے روز بھی جاری رہے، شرکاء بڑی تعداد میں موجود

حکمران آئی ایم ایف کے غلام بن گئے، نظام ناکام ہے، امیر جماعت اسلامی کی دھرنے کے مقام پر گفتگو

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے حکمرانوں کو دوٹوک پیغام دیا ہے کہ پٹرولیم لیوی کے خاتمہ سمیت دیگر مطالبات منظور ہونے تک سڑکوں سے نہیں اٹھیں گے، لاہور، کراچی، پشاور کے دھرنے پچیس کروڑ عوام کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ حکمران آئی ایم ایف کے غلام بن گئے، نظام کی ناکامی کا اعتراف ہو رہا ہے، افسر شاہی خود کو حاکم سمجھنا بند کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

موٹروے پر ایک بھی ناجائز چالان نہیں ہونے دیں گے، عبدالعلیم

آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز کا عبدالعلیم خان کے اعزاز میں استقبالیہ، پھول پیش، اجرک پہنائی

کراچی (این این آئی) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز اتحاد نے (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمبر دشتی ملاقات کر رہے ہیں

جنگ کے دوران دشمن کے 200 سے زائد طیارے مار گرائے، ایران کا دعویٰ

تہران (این این آئی) ایران کے پاسداران انقلاب اسلامی کے ڈپٹی کمانڈر انچیف میجر جنرل مصطفیٰ ایزدی نے دعویٰ کیا ہے کہ جنگ شروع ہونے کے بعد اب (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

بولان، متاثرہ گیس پائپ لائن کی مرمت کا کام شروع نہیں ہوسکا

متاثرہ پائپ لائن کی مرمت کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ابھی تک سیکورٹی کلیرنس نہیں ملی ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع بچھی کے علاقے ڈھاڈر کے قریب دھماکے سے متاثرہ گیس پائپ لائن کی مرمت کا کام 5 روز گزرنے کے باوجود شروع نہیں ہو (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

صحت مند اور خوشحال بلوچستان ہمارا خواب ہے، بجٹ مجید کاکڑ

حکومت بچوں اور عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی اور انہیں قابلِ علاج بیماریوں سے محفوظ بنانے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے

بلوچستان میں حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج 56.6 فیصد تک پہنچ گئی ہے، جو ماضی کے مقابلے میں 19 فیصد اضافہ ہے، وزیر صحت بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان نے حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج کے شعبے میں نمایاں پیش رفت حاصل کر لی۔ آغا خان یونیورسٹی کے آزادانہ سروے TPVICS راؤنڈ 3 کے مطابق بلوچستان میں حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج 56.6 فیصد تک پہنچ گئی ہے، جو ماضی کے مقابلے میں 19 فیصد اضافہ ہے۔ محکمہ صحت بلوچستان کے مطابق حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج میں یہ نمایاں بہتری محکمہ صحت بلوچستان اور ای پی (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

حکومت ٹیکنالوجی اور مختلف صنعتوں کے باہمی اشتراک کی حمایت کریگی، عطاء تارڑ

حکومت پاکستان مالی شمولیت پر یقین رکھتی ہے، ٹیلی کام، ٹیکنالوجی اور انٹرنیٹ بینکنگ کا انضمام خوش آئند ہے،

مختلف اداروں کا اشتراک مالی شمولیت کی جانب اہم قدم ہے، ٹیکنالوجی اور مالی شمولیت کو یکجا کرنا وقت کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان مالی شمولیت پر یقین رکھتی ہے، ٹیلی کام، ٹیکنالوجی اور انٹرنیٹ بینکنگ کا انضمام خوش آئند ہے، حکومت پاکستان ٹیکنالوجی اور مختلف صنعتوں کے باہمی اشتراک کی حمایت کرے گی۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے جے ایس بینک کے زیر اہتمام Wallet-Z کے اجراء کی تقریب سے خطاب (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا، عبدالرحیم زیارت وال

شہداء زیارت کی عظیم قربانی نے تمام سیاسی جماعتوں، قبائلی نمائندین اور عوام کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم پر متحد کیا، اصغر اچکزئی

زیارت (این این آئی) دھرنا کمیٹی زیارت اور آل پارٹیز زیارت کے زیرِ اہتمام شہداء زیارت کے چہلم کے موقع پر زیارت بازار میں ایک عظیم الشان ریلی نکالی گئی، جو (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

شہدا زیارت کے چہلم کے موقع پر منعقدہ جلسہ عام میں پاس کی جانے والی قراردادیں

حکومت آل پارٹیز اور شہداء کے لواحقین کے ساتھ کیے گئے معاہدے پر مکمل اور من و عن عمل درآمد یقینی بنائے، مقررین

زیارت (این این آئی) دھرنا کمیٹی زیارت اور آل پارٹیز زیارت کے (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کو گوریلا بنا کر شاہراہوں و عوام کو غیر محفوظ بنا دیا گیا ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

تجارت بارڈرز بند، عوام اب گیس بجلی پانی تعلیم و روزگار کے بجائے امن یعنی جان و مال کی حفاظت کیلئے پریشان ہیں

پورے بلوچستان میں جماعت اسلامی کی پارلیمانی، فلاحی، دینی سیاسی خدمات روز روشن کی طرح عیاں ہے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ عوام ساتھ دیں تو بلوچستان کے مسائل جماعت اسلامی کے پلیٹ سے حل ہو سکتے ہیں پورے بلوچستان میں جماعت اسلامی کی پارلیمانی، فلاحی، دینی سیاسی خدمات روز روشن کی طرح عیاں ہے۔ بلوچستان کو نوگوایریا بنا کر شاہراہوں و عوام کو غیر محفوظ بنا دیا گیا ہے بھارت افغانستان کو الزام دیکھ ہمارے طاقتور طبقات (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

ایران نے اسلام آباد ایم او یو پر دستخط کے بعد کے عرصے کو ایک بڑی جنگ کی تیاری کیلئے استعمال کیا، امریکی اخبار

میزائلوں کی پیداوار کو تیز کیا اور میزائلوں کی درستگی کو بہتر بنایا، پاسداران انقلاب

نیویارک (این این آئی) امریکی اخبار نے کہا ہے کہ جون کے وسط میں اسلام آباد ایم او یو پر دستخط کے بعد ایران کے سخت گیر رہنماں نے گزشتہ دو ماہ ایک بڑی جنگ کی تیاری میں صرف کیے ہیں۔ امریکی اخبار وال اسٹریٹ جنرل کی رپورٹ کے مطابق اس تیاری کے سلسلے میں پاسداران انقلاب کو ملک کی باقاعدہ فوج کا مزید کنٹرول دیا گیا اور اہم عہدوں پر عراق جنگ کے تجربہ کار اور ماضی کے داخلی کریک ڈاؤن میں شامل فوجی افسران کو تعینات کیا گیا۔ (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی 30 اگست سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم اور ریکسیشن کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان کے لوگ ملک کی معاشی اور کاروباری ترقی کے ضامن ہیں، مولانا عبدالواسع

یہ محبت، اخوت اور بھائی چارے پر یقین رکھنے والے دین دار اور اسلام پسند لوگ ہیں، ان سے کسی کو خطرہ نہیں ہونا چاہیے

کوئٹہ + کراچی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر و سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ بلوچستان کے لوگ ملک کی معاشی اور کاروباری ترقی کے ضامن ہیں، یہ محبت، اخوت اور بھائی چارے پر یقین رکھنے والے دین دار اور اسلام پسند لوگ ہیں، ان سے کسی کو خطرہ نہیں ہونا چاہیے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی نے ہمیشہ تمام اقوام کو اپنے سینے میں جگہ دے کر خود کو حقیقی معنوں میں منی پاکستان ثابت کیا ہے، اس شہر کی ترقی (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

روزنامہ Daily BALOCHISTAN Observer Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

پاکستان اور سعودی عرب کی مکہ دفاعی معاہدے کی وضاحت

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ پاکستان محمد اسحاق ڈار نے واضح کیا ہے کہ مکہ معاہدہ مکمل طور پر دفاعی نوعیت کا حامل معاہدہ ہے اور اس کا مقصد کسی بھی ملک کے خلاف کارروائی کرنا نہیں بلکہ خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کے لیئے جاری کوششوں کا مزید مضبوط بنانا ہے۔ ان کے بقول ہر وہ ملک اس معاہدے میں شامل ہو سکتا ہے جو معاہدے کے بنیادی اصولوں کی پاسداری اور باہمی احترام، تعاون اور پر امن ذرائع سے اختلافات کے حل کیلئے آمادہ ہو پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین ہونے والا مکہ دفاعی معاہدہ تینوں ممالک کی قیادت اور عوام کے درمیان برادرانہ تعلقات کی گہرائی کا عکاس ہے جس کا مقصد امن و سلامتی کے مختلف چیلنجز سے نمٹنا، سٹریٹجک تعاون کو مضبوط بنانا اور خطے میں امن و استحکام اور خوشحالی کے فروغ کے لئے مشترکہ خواہش کو آگے بڑھانا ہے۔ اسی تناظر میں تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر بیرونی حملہ تینوں پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ اسی طرح سعودی وزارتِ خارجہ کے نائب وزیر ڈاکٹر رائد قرملی نے کہا کہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا مقصد تینوں بانی ممالک کی مشترکہ دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانا، سٹریٹجک دفاعی تیاریوں کو ترقی دینا اور ان کی سلامتی اور علاقائی سالمیت کو درپیش کسی بھی خطرے کا مشترکہ طور پر مقابلہ کرنے کے لئے تعاون کو فروغ دینا ہے۔ ان کے بقول اس معاہدے کا مقصد کسی فوجی اتحاد یا فرقہ وارانہ مسلکی بلاک کے قیام کی جانب کسی قسم کی پیش رفت ہرگز نہیں اور نہ ہی اس کا تعلق جوہری عزائم یا خطے میں اسلحے کی دوڑ سے ہے۔ یہ خطے کے کسی ملک کی سلامتی کے خطرہ ہے نہ کسی دو ممالک کے مابین کشیدگی میں اضافے کا باعث بنتا ہے۔ بے شک پاکستان اور سعودی عرب کی جانب سے اس امر کی وضاحت کہ یہ معاہدہ مکمل طور پر دفاعی نوعیت کا ہے اور کسی ملک کو ہدف نہیں بناتا، ان تمام خدشات کا جواب ہے جو اس معاہدے کے حوالے سے بعض حلقوں کی جانب سے پیدا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ یہ امر واقع ہے کہ مکہ دفاعی معاہدہ وقتی حالات کا ردعمل نہیں بلکہ باہمی اعتماد، مشترکہ سلامتی اور خطے میں پائیدار امن کے لئے سوچے سمجھے لائحہ عمل کا نتیجہ ہے۔ دنیا کا مسلمہ اصول ہے کہ ہر ریاست کو اپنے دفاع کا حق حاصل ہے۔ اگر کوئی ملک جارحیت کا ارتکاب کرے تو اس کا جواب اپنے دفاع میں دینا نہ صرف ریاست کا حق بلکہ اس کی ذمہ داری بھی بن جاتی ہے۔ مکہ معاہدے کی اصل روح بھی یہی ہے کہ کسی کے خلاف جنگ میں پہل نہیں کی جائے گی تاہم کسی رکن ملک کے خلاف جارحیت کی صورت میں مشترکہ دفاع کو یقینی بنایا جائے گا۔ یہی دفاعی یقین دہانی درحقیقت جنگ کے امکانات کم کرنے اور امن کو مستحکم کرنے کا ذریعہ بنتی ہے۔ پاکستان کا ایٹمی پروگرام بھی اسی دفاعی تصور کی ایک بڑی مثال ہے۔ پاکستان نے ایٹمی صلاحیت جارحیت کے لئے نہیں بلکہ اپنی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے لئے حاصل کی اور اس دفاعی توازن نے بھارت کے جنگی جنون کے آگے ایک مضبوط بند باندھا۔ اسی طرح مکہ دفاعی معاہدہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے لئے ایک مشترکہ دفاعی حصار کی حیثیت رکھتا ہے۔ جب تین اہم مسلم ممالک ایک دوسرے کی سلامتی کے لئے ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے ہوں گے تو کسی بھی ممکنہ جارح کو اپنے عزائم کے نتائج پر کئی بار سوچنا پڑے گا۔

ابراہیمی معاہدوں کے بعد اسحاق معاہدے

ناجائز صہیونی ریاست اور اس کا پشت پناہ امریکا پوری دنیا کو اپنے بس میں کرنے کے لیے مختلف قسم کی چالیں چل رہے ہیں۔ اس سلسلے میں ناجائز صہیونی ریاست کی خارجہ پالیسی گزشتہ چند برسوں سے دو متوازی خطوط پر چل رہی ہے؛ ایک طرف وہ سفارتی محاذ پر اپنے اثر و رسوخ کو وسعت دینے کے لیے نئے معاہدوں کی راہ ہموار کر رہی ہے اور دوسری جانب مشرقِ وسطیٰ میں اس کی عسکری کارروائیاں اس خطے کو مسلسل غیر یقینی صورتحال کی طرف دھکیل رہی ہیں۔ 2020ء کے ابراہیمی معاہدوں کے ذریعے متحدہ عرب امارات، بحرین، مراکش اور سوڈان کے ساتھ سفارتی تعلقات استوار کے بعد اب ناجائز صہیونی ریاست نے اپنی توجہ لاطینی امریکا کی جانب موڑ لی ہے۔ اپریل 2026ء میں یروشلم میں صہیونی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو اور ارجنٹائن کے صدر ہاویئر میلئی کے درمیان طے پانے والے اسحاق معاہدے اسی سلسلے کی ایک کڑی ہیں۔ یہ معاہدے اسرائیل اور لاطینی امریکی ممالک کے درمیان تعلقات کو مضبوط بنانے کے لیے ایک سفارتی اور تزویراتی فریم ورک ہیں جو ابراہیمی معاہدوں کے نمونے پر تشکیل دیا گیا ہے۔

قابلِ غور بات یہ ہے کہ یہ معاہدے محض تجارتی یا ثقافتی نوعیت کے نہیں بلکہ ان کا محور سلامتی اور انٹیلی جنس تعاون ہے۔ ان میں دہشت گردی کے خلاف انٹیلی جنس تعاون کا ایک باقاعدہ میمورنڈم، مصنوعی ذہانت کے شعبے میں تعاون کا معاہدہ اور ارجنٹائن کے دارالحکومت بیونس آئرس اور تل ابیب کے درمیان براہِ راست پروازوں کا اجرا شامل ہے۔ اس کے علاوہ ناجائز صہیونی ریاست نے ارجنٹائن میں اپنی تجارتی سرمایہ کاری کو تحفظ دینے کے لیے ایک مالیاتی رسک گارنٹی فریم ورک بھی قائم کیا ہے۔ ناقدین کا کہنا ہے کہ اس نوعیت کے معاہدوں کا اصل مقصد صرف اقتصادی تعاون نہیں بلکہ عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی تنہائی کا مقابلہ کرنا اور نئے سیاسی

مشفق لولابی

اتحادی تلاش کرنا ہے۔ 2025ء میں قائم ہونے والی امیریکن فرینڈز آف آئزک اکارڈز (Friends American of AccordsIsaac) نامی تنظیم کا مقصد ہی لاطینی امریکا، امریکا اور اسرائیل کے درمیان قریبی تعلقات استوار کرنا اور اسرائیل کی بڑھتی ہوئی بین الاقوامی تنہائی کا مقابلہ کرنا بتایا گیا ہے۔

ناجائز صہیونی ریاست کی یہ سفارتی حکمتِ عملی ایک ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب مشرقِ وسطیٰ میں اس کی جارحانہ کارروائیوں کے باعث خطہ شدید عدم استحکام کا شکار ہے۔ اکتوبر 2023ء کے بعد سے غزہ، لبنان، شام، یمن اور ایران تک ناجائز صہیونی ریاست کی فوجی مہمات نے پورے خطے کو ایک نئی جنگی صورتحال میں دھکیل دیا ہے۔ 2024ء میں اسرائیل نے حزب اللہ کی قیادت کو نشانہ بناتے ہوئے لبنان میں وسیع پیمانے پر فضائی کارروائیاں کیں جن کے نتیجے میں ستمبر تا نومبر تنظیم کی اعلیٰ قیادت کا خاتمہ ہو گیا۔ یوں ایک طرف صہیونی مشرقِ وسطیٰ میں دہشت گردی کی کارروائیاں کرتے ہوئے مسلم ممالک کو نشانہ بنا رہے ہیں اور دوسری جانب وہ ان کوششوں میں لگے ہوئے ہیں کہ دنیا بھر میں صہیونی ریاست ایک طرف سفارتی میدان میں نئے اتحادی تلاش کر کے اور خاص طور پر ابراہیمی و اسحاق معاہدوں جیسے فریم ورکس کے ذریعے اپنی عالمی پوزیشن کو مستحکم کرنے کی کوشش کر رہی ہے اور دوسری جانب خطے کے اندر اس کی مسلسل عسکری کارروائیاں، چاہے وہ لبنان میں ہوں، غزہ میں، شام میں یا براہِ راست ایران کے خلاف، نہ صرف جانی نقصان کا باعث بن رہی ہیں بلکہ ایک وسیع تر رجحان کی عکاسی کرتی ہے۔ کسی بھی پڑوسی ملک کے ساتھ کوئی معاہدہ ناجائز صہیونی ریاست کو 7 اکتوبر 2023ء کے بعد سے قائم اپنی اس بنیادی پالیسی سے دستبردار نہیں کرے گا جس کے تحت وہ خطے میں کسی بھی حقیقی یا فرضی خطرے کے خلاف سخت طاقت کے استعمال پر انحصار کرتی ہے۔ اسی رجحان کے تسلسل میں یہ خدشہ بھی موجود ہے کہ آنے والے مہینوں میں ناجائز صہیونی ریاست دہشت گردی کی مزید کارروائیاں کرے گی، یعنی ایران سے یمن، لبنان سے شام اور غزہ اور مغربی کنارے تک مسلح تصادم، انسانی بحرانوں اور بیرونی مداخلت کے باعث مزید انسانی جانوں کے جانے کا امکان موجود ہے۔ اس دوران خطے کی سیاسی تقسیم بھی گہری ہوتی جا رہی ہے۔ خلیجی ممالک کے درمیان یمن کی مستقبل کی صورتحال پر اختلافات نے بھی خطرے کی گھنٹی بجا دی ہے۔ یمن کی ممکنہ تقسیم اور تیل کے میدانوں پر قابض جنوبی افواج کی قیادت کے معاملے پر سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کے مابین نیا اختلاف پیدا ہو گیا ہے جو اگر حل نہ ہوا تو دیگر محاذوں تک پھیل کر پہلے سے غیر مستحکم علاقائی ماحول کو مزید بگاڑ سکتا ہے۔

اس تمام صورتحال کا خلاصہ یہ ہے کہ ناجائز صہیونی ریاست ایسے رابطے استوار کیے جائیں جن کے ذریعے وہ بین الاقوامی اور عالمی سطح پر اپنے حق میں مثبت رائے کو فروغ دے سکیں۔

اس سلسلے میں یہ بات بھی توجہ کے لائق ہے کہ بین الاقوامی حالات پر نظر رکھنے والے تجزیہ کاروں کے مطابق یہ صورتحال محض چند مہینوں کی بات نہیں بلکہ ایک وسیع تر رجحان کی عکاسی کرتی ہے۔ کسی بھی پڑوسی ملک کے ساتھ کوئی معاہدہ ناجائز صہیونی ریاست کو 7 اکتوبر 2023ء کے بعد سے قائم اپنی اس بنیادی پالیسی سے دستبردار نہیں کرے گا جس کے تحت وہ خطے میں کسی بھی حقیقی یا فرضی خطرے کے خلاف سخت طاقت کے استعمال پر انحصار کرتی ہے۔ اسی رجحان کے تسلسل میں یہ خدشہ بھی موجود ہے کہ آنے والے مہینوں میں ناجائز صہیونی ریاست دہشت گردی کی مزید کارروائیاں کرے گی، یعنی ایران سے یمن، لبنان سے شام اور غزہ اور مغربی کنارے تک مسلح تصادم، انسانی بحرانوں اور بیرونی مداخلت کے باعث مزید انسانی جانوں کے جانے کا امکان موجود ہے۔ اس دوران خطے کی سیاسی تقسیم بھی گہری ہوتی جا رہی ہے۔ خلیجی ممالک کے درمیان یمن کی مستقبل کی صورتحال پر اختلافات نے بھی خطرے کی گھنٹی بجا دی ہے۔ یمن کی ممکنہ تقسیم اور تیل کے میدانوں پر قابض جنوبی افواج کی قیادت کے معاملے پر سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کے مابین نیا اختلاف پیدا ہو گیا ہے جو اگر حل نہ ہوا تو دیگر محاذوں تک پھیل کر پہلے سے غیر مستحکم علاقائی ماحول کو مزید بگاڑ سکتا ہے۔

اس تمام صورتحال کا خلاصہ یہ ہے کہ ناجائز صہیونی ریاست ایک طرف سفارتی میدان میں نئے اتحادی تلاش کر کے اور خاص طور پر ابراہیمی و اسحاق معاہدوں جیسے فریم ورکس کے ذریعے اپنی عالمی پوزیشن کو مستحکم کرنے کی کوشش کر رہی ہے اور دوسری جانب خطے کے اندر اس کی مسلسل عسکری کارروائیاں، چاہے وہ لبنان میں ہوں، غزہ میں، شام میں یا براہِ راست ایران کے خلاف، نہ صرف جانی نقصان کا باعث بن رہی

1

داری اور کسی بھی بیرونی دباؤ، سفارش، اثر ورسوخ، لالچ یا مداخلت سے بالاتر ہو کر انجام دیں گے۔ ہدایت نامے کے مطابق کسی بھی شخص، خواہ اس کا عہدہ، حیثیت یا اثر و رسوخ کچھ بھی ہو، کو عدالتی کارروائی، حکم، فیصلے، ضمانت، کیس مینجمنٹ، فہرست سازی، مقدمے کی منتقلی یا کسی دیگر عدالتی و انتظامی معاملے پر اثر انداز ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔ جوڈیشل افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ کسی بھی فرد، وکیل، قانونی برادری کے عہدیدار، سرکاری افسر، آئینی یا قانونی ادارے کے رکن، حاضر سروس یا ریٹائرڈ جج، ہائی کورٹ کے افسر یا اہلکار سمیت کسی بھی شخص کی جانب سے کی جانے والی سفارش، درخواست، دباؤ یا مداخلت کو قبول یا زیرِ غور نہ لایا جائے، خواہ رابطہ ذاتی طور پر، ٹیلی فون، الیکٹرانک ذرائع یا کسی ثالث کے ذریعے کیا گیا ہو۔ ہدایت نامے میں خاص طور پر واضح کیا گیا ہے کہ چیف جسٹس، ہائی کورٹ کے کسی جج یا کسی مجاز اتھارٹی کی حمایت یا سفارش کا دعویٰ کرنے والے کسی شخص کی جانب سے کیا جانے والا کوئی بھی غیر رسمی رابطہ یا سفارش قابلِ قبول نہیں ہوگی۔ کسی بھی معاملے میں صرف مقررہ سرکاری طریقہ کار اور قانونی چینل کے ذریعے موصول ہونے والی ہدایات ہی زیرِ غور لائی جائیں گی۔ تمام جوڈیشل افسران کو پابند کیا گیا ہے کہ عدالتی یا انتظامی امور میں غیر قانونی یا بیرونی اثر و رسوخ ڈالنے کی کسی بھی کوشش کی فوری طور پر رجسٹرار بلوچستان ہائی کورٹ کو اطلاع دیں۔ اطلاع میں، جہاں ممکن ہو، متعلقہ شخص کی شناخت، درخواست یا مداخلت کی نوعیت، اس کے ممکنہ اثرات اور اختیار کیے گئے طریقہ کار کی تفصیلات بھی فراہم کی جائیں گی۔ ہدایت نامے میں کہا گیا ہے کہ اگر کوئی جوڈیشل افسر بیرونی اثر و رسوخ یا مداخلت کی کوشش سے آگاہ ہونے کے باوجود اسے فوری طور پر رجسٹرار کے علم میں نہیں لاتا اور معاملہ بعد ازاں کسی دوسرے ذریعے سے چیف جسٹس یا ہائی کورٹ کے کسی جج کے علم میں آتا ہے تو متعلقہ جوڈیشل افسر کی جانب سے رپورٹ نہ کرنا بھی سنگین معاملہ تصور کیا جائے گا اور قابلِ اطلاق قوانین و قواعد کے تحت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔ مزید برآں تمام جوڈیشل افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنی عدالتی یا انتظامی پوسٹنگ، تبادلے یا کسی دیگر سرکاری معاملے میں کسی ناجائز فائدے کی طلب، درخواست یا قبولیت سے عملی طور پر گریز کریں گے اور عدالتی سلیمت، آزادی، غیر جانب داری، دیانت داری اور وقار کے اعلیٰ ترین معیار کو برقرار رکھیں گے۔ ہدایت نامے میں 30 مارچ 2026 کو جاری کیے گئے سابقہ لیٹر نمبر 1138 / ایڈمن کا حوالہ دیتے ہوئے دوہرا دہ واضح کیا گیا ہے کہ جوڈیشل افسران اپنی پوسٹنگ یا تبادلے کے لیے براہِ راست یا بالواسطہ کسی فرد یا ذریعے سے سفارش یا رجوع نہیں کریں گے

2

امریکا کے پاس اب بھی ہتھیاروں کے وسیع ذخائر موجود ہیں، جتنے ہتھیار اب تک امریکا نے استعمال کیے ہیں، وہ نہ ہونے کے برابر تھے۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ امریکا کے پاس درمیانے درجے کے بہت سے ہتھیار موجود ہیں۔

3

کے مطابق ملک کا بجٹ شفافیت سکور 2023ء کے 30/100 سے بڑھ کر 2025ء میں 45/100 ہو گیا ہے جو 2 سال میں 50 فیصد بہتری ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ پیشرفت مالیاتی کھلے پن، عوامی رسائی اور احتساب میں نمایاں اور آزادانہ طور پر تصدیق شدہ بہتری کی عکاسی کرتی ہے۔ انٹرنیشنل بجٹ پارٹنرشپ کے اوپن بجٹ سروے 2025ء میں پاکستان کا سکور 45 ریکارڈ کیا گیا، جو عالمی اوسط 45 کے برابر ہے۔ خرم شہزاد کے مطابق پاکستان کا بجٹ شفافیت سکور 45 ہے جبکہ بھارت 44، سری لنکا 43، بنگلہ دیش 37، نائیجریا 24 اور چین 19 کے سکور پر ہیں۔ پاکستان کی بہتری ان شعبوں میں بھی وسیع بنیادوں پر سامنے آئی ہے جن کی نشاندہی اوپن بجٹ سروے 2023ء میں بہتری کے لیے کی گئی تھی۔ خرم شہزاد کے مطابق ایگزیکٹو بجٹ پروپوزل کا سکور 43 سے بڑھ کر 57 ہو گیا، اس میں 14 پوائنٹس کا اضافہ ہوا۔ انیکڈٹ بجٹ کا سکور 33 سے بڑھ کر 50 ہو گیا، جس میں 17 پوائنٹس کی بہتری ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرح سال کے اختتام کی رپورٹ، جو پہلے تاخیر سے شائع ہوتی تھی، اب 52 کے سکور تک پہنچ گئی ہے جو بڑی بہتری ہے۔

4

پختہ عزم کا اعادہ کیا ہے۔ جے ایس بینک کے صدر اور سی ای او بصیر حسنی کی قیادت میں ملنے والے وفد میں نعمان اظہر (چیف آفیسر، 'زندگی، جے ایس بینک) اور عاطف اسحاق (چیف بزنس آفیسر، 'زندگی - جے ایس بینک) شامل تھے۔ وفد نے ڈیجیٹل مالیاتی خدمات کی توسیع اور ڈیجیٹل طور پر بااختیار معیشت کے قومی وژن کی حمایت کی حکمت عملیوں پر تبادلہ خیال کے لیے وزارتِ خزانہ میں وزیرِ مملکت سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وفد نے کیش لیس بزنس ماڈلز کو فروغ دینے اور مختلف شعبوں میں رسمی مالیاتی نظام کو اپنانے کے لیے حکومت کی جاری پالیسیوں اور اقدامات کی تعریف کی۔ عوامی و نجی شراکت داری (پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ) کی اہم حکمت عملی پر زور دیتے ہوئے وزیرِ مملکت نے کہا کہ وزیرِ اعظم شہباز شریف ذاتی طور پر کیش لیس معیشت کے عمل کی نگرانی کر رہے ہیں اور گزشتہ ایک سال کے دوران اس سلسلے میں نمایاں پیش رفت حاصل کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ڈیجیٹل ادائیگیوں کے ذریعے شفافیت کو یقینی بنانے، عوام کی سہولت میں اضافہ کرنے اور معیشت کی دستاویزات کے عمل کو تیز کرنے کیلئے عمل طور پر عزم ہے

5

کے اداروں کو خود مختار اور بااختیار ہو کر خود فیصلے کرنا ہوں گے، اداروں کو ہر معاملہ وزارت کو بھیجنے کی ضرورت نہیں، جہاں ضرورت ہو قوانین میں ضروری ترامیم اور اصلاحات کی تجاویز فوری دی جائیں، وزارت داخلہ کے تمام اداروں کو جدید خطوط پر عمل طور پر تبدیل کرنا ہمارا ہدف ہے، ہر ذیلی ادارے کو مثالی اور عوام دوست بنانا چاہتے ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیرِ صدارت وزارت داخلہ کے تمام ذیلی اداروں کے سربراہان کا اہم اجلاس ہوا جس میں وزارت داخلہ کے اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے، باہمی رابطے مضبوط کرنے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ اصلاحات نافذ کرنے کے پلان پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے تمام اداروں کو باہمی رابطے، تعاون اور کوآرڈینیشن مزید مضبوط بنانے کی ہدایت کی۔

6

متعلقہ ادارے مربوط انداز میں کام کریں۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ شہریوں کو سرکاری خدمات کے حصول میں سہولت فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے۔ وزیرِ اعظم نے تمام سرکاری ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کو ہم عصر تقاضوں کے مطابق مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کی ہے۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ آئی ٹی اور ڈیجیٹل اصلاحات میں وفاقی وزارتوں کی ای آفس پر منتقلی اب تک کی اہم ترین اصلاحات میں سے ہے۔ وزیرِ اعظم نے وفاقی حکومت کی تمام ماتحت اداروں اور ایس او ایز میں ای آفس کا استعمال یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ وزیرِ اعظم نے سرکاری اداروں کی ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کو تیز کرنے اور جدید ٹیکنالوجی سے بھرپور استفادہ کرنے کی ہدایت کی ہے۔ وزیرِ اعظم نے تمام سرکاری املاک کی ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن جلد از جلد عمل کرنے کی ہدایت کی ہے

7

اشتراک اسلامک مائیکروفنانس کے اشتراک سے صوبے میں بلاسود مالی معاونت کے تین بڑے پروگراموں کا آغاز کر دیا ہے، مالی معاونت کے اقدامات کے لیے 6 ارب کی رقم رکھی گئی ہے۔ سیکرٹری خزانہ نے بتایا کہ بلاسود مالی معاونت پروگرام کے تحت لائیو اسٹاک، ماہی گیری، کان کنی اور دیگر چھوٹے کاروباری شعبوں کیلئے 5 لاکھ تک بلاسود قرضہ ملے گا جس کی واپسی پانچ سال میں ہوگی، نیا گھر یا اضافی کمروں کی تعمیر کیلئے 20 لاکھ روپے کا بلاسود قرضہ دیا جائے گا، قرضہ کی واپسی کی مدت دس برس ہوگی جس سے تقریباً 3733 خاندان مستفید ہوں گے، سولر سسٹم کی تنصیب کیلئے بھی پانچ لاکھ روپے کا بلاسود قرضہ دیا جائے گا، جو سات سال کی مدت میں اقساط میں واپس لیا جائے گا۔

8

یا سدارانِ انقلاب کے ترجمان نے واضح کیا کہ ایرانی اور امریکی حکام کے درمیان کسی قسم کی بات چیت نہیں ہو رہی۔ انہوں نے ٹرمپ کے دعوے کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسی خیالی باتیں جنگ میں ناکامی کے باعث پیدا ہونے والے وہم اور ڈرانے خوابوں کا نتیجہ ہیں۔ بریگیڈیئر جنرل حسین مجی نے کہا کہ امریکی صدر اپنے بیانات کے ذریعے تیل اور توانائی کی قیمتوں کو عارضی طور پر قابو میں رکھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ان کے مطابق ٹرمپ کی جانب سے امریکی اور ایرانی حکام کے درمیان رابطوں کا تاثر پیدا کرنا موجودہ جنگی اور اقتصادی صورتحال پر اثر انداز ہونے کی کوشش ہے۔ ایرانی ترجمان نے امریکی صدر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ کے پاس اب ایک ہی راستہ باقی ہے، وہ اپنی شکست اور ایران کی مقررہ شرائط کو تسلیم کریں۔ دوسری جانب ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے دعویٰ کیا تھا کہ ان کی انتظامیہ نے پاسدارانِ انقلاب کے ساتھ براہِ راست پسِ پردہ رابطہ قائم کر لیا ہے۔

9

ڈونلڈ ٹرمپ کے حمایت بھرے اور حوصلہ افزا کلمات کو دل کی گہرائیوں سے سراہتا ہوں۔ اپنے سوشل میڈیا پیغام میں وزیرِ اعظم شہباز شریف نے کہا کہ برادر ملک سعودی عرب اور جمہوریہ ترکیہ کے ساتھ مل کر پاکستان برادر ممالک کے ساتھ ساتھ پورے خطے کے دفاع کو یقینی بنانے میں تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ میں ایک بار پھر صدر ٹرمپ کی جرأت مندانہ اور فیصلہ کن قیادت کو خراجِ تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں، جس نے جنوبی ایشیا میں ایک جوہری تباہی کو ٹالنے اور لاکھوں جانیں بچانے میں مدد دی۔ وزیرِ اعظم شہباز شریف نے کہا کہ پائیدار امن ہمارے عوام کے روشن اور خوشحال مستقبل کے لیے سب سے اہم بنیادی شرط ہے

10

کہ مون سون شجرکاری مہم کے آغاز پر میں پاکستان کے عوام کو مبارک باد پیش کرتا ہوں، یہ قومی اقدام ماحول کے تحفظ، انحطاط پذیر خطوں کی بحالی، سرسبز اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے حامل پاکستان کی تعمیر کیلئے ہماری اجتماعی ذمہ داری کا عکاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنگلات پاکستان کا بیش قیمت قدرتی اثاثہ ہیں۔ یہ حیاتیاتی تنوع کو برقرار رکھنے، آبی گزرگاہوں میں واقع خطوں کی حفاظت، زمین کے بنجر ہونے کی جانب تدارک اور زرخیزی کو برقرار رکھنے، معیاری فضا میں بہتری، آفات کے دوران خطرات سے نمٹنے، موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کو زائل کرنے اور ان سے مطابقت پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، ماحولیاتی تبدیلی سے جڑی آزمائش میں شدت کے پیشِ نظر ہمارے جنگلات کا تحفظ اور ان کے رقبے میں اضافہ ایک قومی ذمہ داری کے ساتھ ساتھ ایک اہم تزویراتی ترجیح بن چکی ہے

11

جا سکتا۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ یہ کہنا کہ جیل کا دروازہ توڑ کر کسی کو باہر نکال دیا گیا تھا، اس لیے اب ہم بھی اسی طرح باہر جائیں گے، قانون کے مطابق نہیں، ہم خود قانون ساز ادارے میں بیٹھے ہیں اور یہ قوانین اسی پارلیمان اور اس سے پہلے آنے والی پارلیمانوں نے بنائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کا ہر ملک قانون اور ضابطے کے مطابق چلتا ہے، جیل میں ملاقاتوں کے حوالے سے بھی قواعد موجود ہیں، بانی پی پی آئی کی ملاقاتوں کا معاملہ سپریم کورٹ اور اسلام آباد ہائی کورٹ میں زیرِ سماعت ہے۔ وفاقی وزیرِ قانون نے کہا کہ سپریم کورٹ میں اس معاملے پر اوپن کورٹ میں سماعت بھی ہوئی، جہاں عدالت نے متعلقہ معاملات پر سوالات اٹھائے۔ انہوں نے بتایا کہ بانی پی پی آئی کے وکیل سلمان صفدر نے بطور فرینڈ آف دی کورٹ بھی رپورٹ پیش کی جو عدالتی ریکارڈ کا حصہ ہے

12

کے پاس ہے، علاج میں کوتاہی ہو تو اس کی ذمہ داری عدالت کی ہے۔ پیر کو سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے قائد حزبِ اختلاف علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ بانی پی پی آئی عمران خان اس ملک کے باوقار سیاستدان ہیں، عمران خان نے اس ملک میں کوئی کارخانہ، فیکٹری نہیں لگائی، انہیں ذہنی اذیتیں دی جا رہی ہیں، ان کی صحت سے متعلق تشویشناک صورتحال ہے۔ آپ خود کہتے ہیں کہ سسٹم فیل ہو چکا، رانا ثنا اللہ آپ کو معلوم ہے آپ پر کیس سیاست دانوں نے نہیں بنایا تھا۔ رانا ثنا اللہ نے علامہ راجہ ناصر عباس کو جواب دیتے ہوئے کہا کہ روٹر کے مطابق جو شخص عدالتی کسٹڈی میں ہے اس کا اختیار عدالت کے پاس ہے

13

کے مطابق سیکورٹی فورسز نے بلوچستان کے علاقے کلی زائیک میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 2 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ ذرائع کے مطابق بسیمہ کیمپ سے 12 کلومیٹر شمال میں کلی زائیک اور کاغلی کے درمیان دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کی گئی، سیکورٹی فورسز نے چھڑپ میں 2 دہشتگرد جہنم واصل اور 3 زخمی ہوئے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشت گرد کی شناخت مشتاق احمد عرف کوہ یار کے نام سے ہوئی، دہشت گردوں کے قبضے سے ایمونیشن، میگزین، دستی بم اور آئی ای ڈی بنانے کا سامان برآمد ہوا ہے۔ سیکورٹی فورسز دہشتگردی کے عمل خاتمے اور بلوچستان میں دیرپا امن کے قیام تک بلاتعطل اپنی کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم پر قائم ہیں۔

14

غیر قانونی، الٹرا وائرس اور کالعدم قرار دے دیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ بار کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کو بار کونسلز ایکٹ 1973 کی بنیادی دفعات میں ردوبدل کا اختیار حاصل نہیں، جبکہ انرولمنٹ کمیٹی کے چیئرمین کی حیثیت سے چیف جسٹس کی جانب سے نامزد ہائی کورٹ کے جج کے کردار کو قواعد کے ذریعے ختم یا محدود نہیں کیا جا سکتا۔ عدالت نے واضح کیا کہ بار کونسلز ایکٹ 1973 کی دفعہ 10 کے تحت انرولمنٹ کمیٹی کی سربراہی ہائی کورٹ کے نامزد جج کے پاس ہونا لازمی ہے، لہٰذا قواعد میں ایسی کوئی ترمیم جو اس قانونی اسکیم کو متاثر کرے، آئین اور قانون دونوں کے منافی ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ ایگزیکٹو کمیٹی نے قواعد میں ترامیم کرتے وقت نہ صرف مقررہ قانونی طریقہ کار اختیار نہیں کیا بلکہ رولز کمیٹی، بلوچستان بار کونسل کے عمل اجلاس اور متعلقہ قانونی تقاضوں کو بھی نظرانداز کیا، اس لیے یہ ترامیم تفویض شدہ (Delegated) قانون سازی کے اختیارات سے تجاوز اور رٹین قانون سازی (Colorable Legislation) کے مترادف ہیں۔ عدالت نے یہ بھی قرار دیا کہ انرولمنٹ کے عمل میں شفافیت، میرٹ اور عدالتی نگرانی کو برقرار رکھنا ناگزیر ہے، کیونکہ وکالت ایک باوقار پیشہ ہے اور اس میں داخلہ صرف قانون کے مطابق شفاف طریقہ کار کے ذریعے ہی ممکن ہے

15

چین اسپورٹس فٹ ویئر تعاون کے معاہدے پر دستخط کیے گئے ہیں، یہ معاہدہ پاکستان کی معروف کمپنی فارورڈ اسپورٹس اور چین کے ڈونگ زی ہواشین گروپ کے درمیان طے پایا ہے۔ معاہدے کے تحت پاکستانی مینوفیکچرنگ صلاحیت اور چینی سرمایہ کاری و تجربے کے امتزاج سے صنعتی ترقی کو فروغ ملے گا، اس معاہدہ سے ٹیکنالوجی منتقلی، روزگار کے مواقع اور پاکستان کی اسپورٹس مصنوعات کی عالمی مارکیٹ تک رسائی میں اضافہ متوقع ہے۔

16

بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ کوئی گلہ شکوہ نہیں وزیرِ اعظم خط کا جواب دے رہے ہیں اس پر بات چیت ہوئی تاہم سیاسی حلقے اس ملاقات کو انتہائی اہم قرار دے رہے ہیں۔ دوسری جانب پیپلز پارٹی کا وفد (آج) منگل کو اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ملاقات کرے گا۔ ذرائع کے مطابق وفد میں راجہ پرویز اشرف، نوید قمر، شیری رحمان اور سلیم مانڈوی والا شامل ہوں گے

17

چاہئیں۔ امریکی خبر رساں ادارے فاکس نیوز کو دیے گئے انٹرویو میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے حوالے سے ان کی حکمت عملی کے لیے کوئی مقررہ وقت نہیں اور وہ تنازع ختم کرنے کی جلدی میں نہیں ہیں۔ امریکی صدر نے واضح کیا کہ امریکا میں ہونے والے وسط مدتی انتخابات بھی ایران کے حوالے سے ان کی سوچ یا فیصلوں پر اثر انداز نہیں ہو رہے۔ ٹرمپ نے تصدیق کی کہ امریکا اور ایران کے درمیان براہِ راست پسِ پردہ رابطے کا ایک چینل موجود ہے، جس میں ایرانی پاسدارانِ انقلاب سے وابستہ حکام بھی شامل ہیں۔ انہوں نے ایرانی حکام کو اچھے پوکر کھلاڑی قرار دیتے ہوئے کہا کہ تاہم وہ ختم ہو رہے ہیں۔ دوسری جانب ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر بھی ایران کے جوہری پروگرام کے حوالے سے سخت موقف دہرایا۔

18

کالعدم قرار دے دیا ہے۔ جسٹس عامر فاروق نے 6 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ تحریر کیا ہے، جس کے تحت عدالت نے محمی موبائل کمپنی کی اپیلیں منظور کر لیں۔ عدالت نے کہا کہ فائننگ اور کٹوتی پر ملنے والے ٹیکس کریڈٹ سے سپر ٹیکس کو ایڈجسٹ کیا جا سکتا ہے، اور قانون کی دفعہ 168 کے تحت حاصل ہونے والا ٹیکس کریڈٹ ایک الگ اور مسلمہ قانونی حق ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ کسی بھی ٹیکس دہندہ کو ایڈجسٹمنٹ سے روک کر ریفنڈ کی طرف دھکیلنا قانون کی منشا کے خلاف ہے، کیونکہ مالیاتی قوانین کی تعبیر ہمیشہ ٹیکس دہندہ کے فائدے اور سہولت کے پیشِ نظر ہونی چاہیے

19

وزیرِ اعلیٰ ہاؤس کے باہر دھرنا کے مقام پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ نائب امیر ڈاکٹر اسامہ رضی، قائم مقام سیکرٹری جنرل نذیر جنجوعہ، ڈپٹی سیکرٹری ٹرسل خان بابر، امیر لاہور ضیا الدین انصاری، امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری، سیکرٹری باہر رشید، اور سیکرٹری اطلاعات شکیل ترابی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ پٹرولیم لیوی، مہنگی بجلی اور آئی پی پیز کے معاہدوں کے خلاف جماعت اسلامی کا احتجاج دوسرے روز میں داخل ہو گیا ہے۔ شدید گرمی کے باوجود لاہور کے چیئرنگ کراس پر ہزاروں افراد کا دھرنا بدستور جاری ہے۔ شرکا نے رات مال روڈ پر گزاری اور حکومت کے خلاف مسلسل نعرے لگائے گئے۔ مال روڈ پر قومی و جماعت اسلامی کے پرچم لہراتے رہے۔ شرکا نے اعلان کیا ہے کہ پٹرول 225 روپے فی لٹر، پٹرولیم لیوی کا خاتمہ اور بجلی سستی ہونے تک دھرنا ختم نہیں ہوگا

20

مذاکرات کی کامیابی کے بعد وفاقی وزیرِ مواصلات عبدالعلیم خان کے اعزاز میں پروقار استقبالیہ دیا جہاں آمد پر ٹرانسپورٹرز نے وفاقی وزیرِ عبدالعلیم خان کا والہانہ استقبال کیا، پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں اور ان کے حق میں زبردست نعرے بازی کی، گڈز ٹرانسپورٹرز اتحاد کے صدر ملک شہزاد اعوان نے وفاقی وزیر کو سندھی اجرک پہنائی اور حکومت کی جانب سے مطالبات تسلیم کرنے پر اظہار تشکر کیا۔ وفاقی وزیرِ مواصلات عبدالعلیم خان نے استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جو وعدے کیے گئے ہیں انہیں ہر حال میں پورا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیرِ اعظم نے انہیں ٹرانسپورٹرز کے مسائل کے حل کیلئے قائم کردہ کمیٹی کا چیئرمین مقرر کر کے خصوصی ٹاسک سونپا تھا جسے کامیابی سے عمل کیا گیا ہے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز اتحاد کی قیادت نے جس خلوص اور ذمہ داری کا مظاہرہ کیا وہ قابل تحسین ہے 9، دنوں تک کنٹوں بیٹھ کر مسلسل بات چیت جاری رہی اور بالآخر مذاکرات کامیاب ہوئے جو قابل تحسین پیش رفت ہے

21

تک فورسز نے دشمن کے 200 سے زائد طیارے مار گرائے ہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ان خیالات کا اظہار مصطفیٰ ایزدی نے تہران میں صحافیوں کے اعزاز میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی قوم کی مزاحمت اور ملک کی دفاعی نوعیت کی نرم اور ادرا کی کارروائیوں کے نتیجے میں دشمن کے مار گرائے گئے طیاروں کی تعداد 200 سے تجاوز کر چکی ہے۔ مصطفیٰ ایزدی نے امریکا اور اسرائیل سے جاری تنازع کو روایتی فوجی جنگ کے بجائے ہائبرڈ جنگ قرار دیتے ہوئے انکشاف کیا کہ دشمن ممالک نے ایران کو اندرونی طور پر غیر مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ فوجی کارروائیوں کے ذریعے بھی دباؤ ڈالنے کی کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ دشمن کی حکمت عملی میں فوجی کارروائی کے ساتھ نفسیاتی، اطلاعاتی اور ادرا کی محاذ بھی شامل ہیں تاہم ایرانی ریاست ان دباؤ کا مقابلہ کرنے میں کامیاب رہی ہے۔

22

سکا۔ سوئی سدرن گیس کمپنی حکام کے مطابق پھی کے علاقے ڈھاڈر میں 12 اگست کو 18 انچ قطر کی سوئی گیس پائپ لائن دھماکے سے متاثر ہو گئی تھی۔ حکام کے مطابق متاثرہ پائپ لائن کی مرمت کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ابھی تک سیکورٹی کلیرنس نہیں ملی ہے جس کی وجہ سے دھماکے سے متاثرہ گیس پائپ لائن کی مرمت کا کام پانچ روز گزرنے کے باوجود شروع نہیں ہو سکا۔ مستونگ، قلات، پشین زیارت اور پنج کو گیس کی فراہمی معطل ہونے اور کوئٹہ کے علاقوں سریاب مشرقی بائی پاس اور کچلاک میں پریشر میں کمی اور بندش سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔

23

آئی (on Programme Expanded Immunization) کی مشترکہ اور مسلسل کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ اس کامیابی سے صوبے میں بچوں کو مختلف بیماریوں سے محفوظ بنانے کے لیے جاری حکومتی اقدامات کے مؤثر ہونے کی عکاسی ہوتی ہے۔ صوبائی وزیرِ صحت بخت محمد کاکڑ نے حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج میں نمایاں اضافے پر محکمہ صحت بلوچستان اور ادرا کی پی آئی کی ٹیموں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیرِ صحت نے کہا کہ صحت مند اور خوشحال بلوچستان ہمارا خواب ہے، جس کی تعبیر کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ حکومت بچوں اور عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی اور انہیں قابلِ علاج بیماریوں سے محفوظ بنانے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے

24

گے۔ ذرائع کے مطابق نئے صوبوں کے معاملے پر بھی پیپلز پارٹی قومی اسمبلی میں اپنا نکتہ نظر پیش کرے گی، پارٹی کے پارلیمنٹیرینز ایوان میں نئے صوبوں کے قیام سے متعلق اظہار خیال کریں گے اور پارٹی کا متفق سامنے رکھیں گے۔ ذرائع کے مطابق بلاول بھٹو زرداری اپنے خطاب میں آزاد کشمیر انتخابات، پارٹی کے تحفظات، وفاقی حکومت سے مذاکرات اور نئے صوبوں کے معاملے پر تفصیلی اظہار خیال کر سکتے ہیں۔

25

گے۔ ذرائع کے مطابق نئے صوبوں کے معاملے پر بھی پیپلز پارٹی قومی اسمبلی میں اپنا نکتہ نظر پیش کرے گی، پارٹی کے پارلیمنٹیرینز ایوان میں نئے صوبوں کے قیام سے متعلق اظہار خیال کریں گے اور پارٹی کا متفق سامنے رکھیں گے۔ ذرائع کے مطابق بلاول بھٹو زرداری اپنے خطاب میں آزاد کشمیر انتخابات، پارٹی کے تحفظات، وفاقی حکومت سے مذاکرات اور نئے صوبوں کے معاملے پر تفصیلی اظہار خیال کر سکتے ہیں۔

26

کی آخری تاریخ میں توسیع کر دی ہے، اب اہل نوجوان 31 اگست 2026 تک درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں، ملک بھر اور بیرون ملک مقیم باصلاحیت، پرعزم اور باکردار پاکستانی نوجوانوں کو قومی سطح پر نوجوانوں کی نمائندگی، پالیسی سازی کے عمل میں شرکت اور ملکی ترقی میں اپنا موثر کردار ادا کرنے کے لیے درخواستیں جمع کرانے کی دعوت دی جاتی ہے۔ پیر کو وزیرِ اعظم یوتھ پروگرام سے جاری بیان کے مطابق وزیرِ اعظم یوتھ کونسل، جسے وفاقی کابینہ سے باضابطہ منظوری حاصل ہے، نوجوانوں سے متعلق امور پر وزیرِ اعظم کی مشاورتی کونسل کے طور پر کام کرتی ہے، یہ کونسل نوجوان قیادت کو قومی پالیسی سازی کے عمل میں شامل کرنے کا ایک اہم پلیٹ فارم ہے

27

شہری مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی حنڈی سرپلازہ پہنچ کر بڑے جلسہ عام میں تبدیل ہو گئی۔ جلسے کی صدارت جمعیت علمائے اسلام کے ضلعی امیر مولانا نور الحق نے کی۔ جلسے سے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، پشتون تحفظ موومنٹ کے صوبائی کوآرڈینیٹر نور باچا، جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی ترجمان دلاور خان کاکڑ، نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے صوبائی صدر احمد جان خان، پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی رہنما سردار اکبر خان ترین، سردار حبیب الرحمٰن دومڑ، سردار قاسم خان سارنگزئی، سردار فرید اللہ دومڑ، حاجی عبدالفیاض، مولانا عصمت اللہ سالم، جمیل پشتون، صاحبزادہ شعیب اللہ، سردارزادہ عیسیٰ خان، محمد تسیم پانیزئی، نصیب اللہ کاکڑ، سرور شبوزئی، حاجی عبدالعزیز، مولوی شریف اور

28

کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان مالی شمولیت پر یقین رکھتی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیرِ اعظم شہباز شریف نے کیش لیس اکانومی پر اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کی، محمد شہباز شریف نے بطور وزیرِ اعلیٰ پنجاب بیکالوجی کے فروغ کے لئے اہم اقدامات کئے۔ انہوں نے کہا کہ وزیرِ اعظم شہباز شریف ٹیکنالوجی اور مالیاتی خدمات کے انضمام پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں سرکاری شعبے کی پہلی ویڈیو کانفرنسنگ سروس متعارف کرائی گئی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ٹیکنالوجی کا فروغ شمولیت اور کارکردگی میں اضافے کا ذریعہ ہے، تنقید کا نشانہ بننے والی لیپ ٹاپ سکیم نے کورونا وباء کے دوران اہم کردار ادا کیا۔ عطاء تارڑ نے کہا کہ کورونا کے دوران لوگوں نے گھروں سے کام کیا اور آن لائن تعلیم حاصل کی، ریڈیو والٹ کا آغاز ٹیکنالوجی کے موجودہ دور میں خوش آئند اقدام ہے۔

29

زیرِ اہتمام شہداء زیارت کے چہلم کے تعزیتی جلسہ عام میں پاس کی گئی قراردادوں میں کہا گیا ہے کہ آج کا یہ تعزیتی جلسہ عام، مائی ڈیم پیپنگ اسٹیشن فیز تھری کے تمام شہداء کو زبردست الفاظ میں خراجِ عقیدت پیش کرتی ہے اور ان کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے۔ آج کا یہ تعزیتی جلسہ مطالبہ کرتی ہے کہ سانحہ زیارت کی تحقیقات کے لیے تشکیل دیے گئے جوڈیشل کمیشن کو عملی طور پر آزادانہ، شفاف اور غیر جانب دارانہ تحقیقات کا موقع فراہم کیا جائے، تاکہ کوئی بھی قوت کمیشن کی تحقیقات پر اثر انداز نہ ہو۔ کمیشن مقررہ دو ماہ کے اندر اپنی رپورٹ عمل کر کے اسے عوام کے سامنے پیش کرے اور سانحہ میں ملوث تمام کرداروں کو قانون کے مطابق عبرتناک سزا دی جائے۔ حکومت آل پارٹیز اور شہداء کے لواحقین کے ساتھ کیے گئے معاہدے پر عمل اور من وعن عمل درآمد یقینی بنائے

30

حکومت عسکری اسٹیبلشمنٹ بری الذمہ نہیں ہو سکتے۔ جگر گوشے لاپتہ، شاہراہیں غیر محفوظ، تجارت بارڈر زبند، عوام اب کیس بجلی پانی تعلیم اور روزگار کے بجائے امن یعنی جان و مال کی حفاظت کیلئے پریشان ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں انہوں نے گوادر میں جماعت اسلامی گوادر کیا جا جناح ارکان سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں تعلیمی اسٹیکم، عوامی مسائل اور تع

کوئٹہ، سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان بلوچستان سوشیوا کنامک ڈویلپمنٹ کے تحت جاری منصوبوں پر پیش رفت سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

درسی کتب کے معیار کو مزید بہتر اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے حوالے سے تین روزہ تربیتی ورکشاپ

درسی کتاب محض معلومات کا مجموعہ نہیں بلکہ طلبہ کی فکری، علمی اور تخلیقی صلاحیتوں کی تشکیل کا اہم ذریعہ ہے

کوئٹہ(خ ن) کوئٹہ: بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے زیرِ اہتمام بک رائٹرز، ایڈیٹرز اور جائزہ لینے والوں کی استعدادِ کار میں اضافے، درسی کتب کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے حوالے سے تین روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، جس کی افتتاحی تقریب سے سیکرٹری ثانوی تعلیم لعل جان جعفر، چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ڈاکٹر (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیرِ صدارت کھلی کچہری کا انعقاد

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیرِ صدارت کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں شہریوں نے اپنے درپیش مسائل، شکایات اور مشکلات سے ضلعی انتظامیہ کو براہِ راست آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

حب' وکلاء برادری نے احتجاج ختم کرنے کا اعلان

پولیس اور وکلاء دونوں قانون اور انصاف کے نظام کے اہم ستون ہیں' ڈی آئی جی

حب(خ ن) ڈی آئی جی پولیس لسبیلہ ڈویژن عبدالقیوم پتافی اور ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج حب کی سنجیدہ کوششوں سے وکلاء برادری نے احتجاج ختم کرنے کا اعلان کردیا ہے پیر کے روز ڈی آئی جی لسبیلہ ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر جب جمعدادمندوخیل نے سیشن کورٹ حب کا دورہ کیا وکلاء برادری نے انتظامی افسران کی حب بار آمد پر فراخ دلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ان (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

گوادر' جڈی اور زرین کے مرکزی آمدورفت کے راستے پر قائم تجاوزات بھی ہٹا دی گئیں

کارروائی کے دوران تحصیلدار پسنی عبدالرحمان بلوچ اور انتظامیہ کی خصوصی ٹیم بھی موجود رہی

گوادر/پسنی (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر پسنی خسرو دلاوری کی سربراہی میں ضلعی انتظامیہ نے پروٹیکشن وال اور سمندری کٹاؤ سے متاثرہ ساحلی علاقوں میں غیر قانونی تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے درجنوں غیر قانونی تعمیرات کو بلڈوزر کے ذریعے مسمار کر دیا۔ کارروائی کے دوران تحصیلدار پسنی عبدالرحمان بلوچ اور انتظامیہ کی خصوصی ٹیم بھی موجود رہی۔ آپریشن کا مقصد سرکاری اراضی کو تجاوزات سے واگزار کرانے، ساحلی پٹی کو محفوظ بنانے اور شہریوں وسیاحوں کی آمدورفت میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ کرنا (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

سیبوی پولیس نے کارروائی کے دوران ملزم کو گرفتار کرکے چوری شدہ موٹر سائیکل اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کرلیا

تربت یونیورسٹی میں 64 سے زائد تعلیمی پروگراموں میں داخلوں کا باقاعدہ آغاز

طلبہ کیلئے چوبیس گھنٹے تیز رفتار انٹرنیٹ، ہاسٹلز، ٹرانسپورٹ، سمارٹ کلاس روم، جدید لیبارٹریز اور اے آئی لیب کی سہولیات بھی موجود ہیں

تربت(خ ن) جامعہ تربت نے تعلیمی سال 2027 اسپرنگ کیلئے انڈر گریجویٹ اور گریجویٹ سطح کے 64 سے زائد تعلیمی پروگراموں میں داخلوں کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے، تفصیلات کے مطابق بی ایس کے 19 پروگرامز، ایسوسی ایٹ ڈگری کے 16 پروگرامز اور پوسٹ ایسوسی ایٹ ڈگری (بی ایس پانچواں سمسٹر) کے 13 پروگرامز کے علاوہ پی ایچ ڈی کے 4 پروگرامز اور ایم فل، ایم ایس اور ایم بی اے کے 12 پروگرامز میں داخلے جاری ہیں۔ (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی' ٹریفک حادثے میں خاتون جاں بحق بچوں سمیت 3 افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب ٹریک حادثے میں خاتون جاں بحق جبکہ بچوں سمیت 3 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب صدر پولیس تھانے کی حدود دوست ہوٹل قومی شاہراہ پر تیز رفتار ٹوڈی کار نے موٹر سائیکل (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

سوشیوا کنامک ڈیولپمنٹ پراجیکٹس کے روڈ سیکٹر فیز ون اور ٹو پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس

کوئٹہ(خ ن) سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان کے زیر صدارت بلوچستان سوشیو اکنامک ڈیولپمنٹ پراجیکٹس کے روڈ سیکٹر فیز ون اور ٹو پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں پراجیکٹ کوآرڈینیٹر بلوچستان سوشیو اکنامک ڈیولپمنٹ پراجیکٹس (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)



سیاسی جماعتیں عوامی مسائل کے حل کیلئے مشترکہ تحریک چلائیں' حلیم صادق

کوئٹہ میں گیس، بجلی اور پانی کے بحران کی وجہ سے شہری عذاب میں مبتلا ہیں' صوبائی جنرل سیکرٹری

کوئٹہ(پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان نے کوئٹہ میں گیس، بجلی اور پانی کے سنگین بحران پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام قومی وصوبائی سیاسی جماعتوں سے اپیل کی ہے کہ عوام کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کیلئے مشترکہ تحریک شروع کی جائے۔ عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کوئٹہ میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ شہر میں بجلی، گیس اور پانی کے بحران نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

جنوبی ایشیا میں طاقت کا توازن تیزی سے بدل رہا ہے' عبدالقادر

جنوبی ایشیا کے ممالک اب اپنے قومی مفادات، خودمختاری اور باہمی تعلقات کو زیادہ اہمیت دے رہے ہیں

بنگلہ دیشی وزیراعظم کا بھارت کا دورہ مسترد کرنا بھارت کیلئے بڑا سفارتی دھچکا ہے' چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بنگلہ دیشی وزیراعظم طارق رحمان کی بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کی دعوت پر بھارت کا دورہ نہ کرنے کا فیصلہ جنوبی ایشیا کی بدلتی ہوئی سفارتی صورتحال میں ایک اہم پیشرفت ہے۔ یہ فیصلہ اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ خطے کے ممالک اب اپنے قومی مفادات کو ترجیح دیتے ہوئے بھارت کے ساتھ تعلقات کو ازسرنو متوازن کرنے (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

انظامیہ کی آٹے کی قیمتوں پر عملدرآمد کے حوالے سے کارروائیاں خلاف ورزی پر 15 دکاندار گرفتار

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ کی آٹے کی قیمتوں پر عملدرآمد کے حوالے سے کارروائیاں خلاف ورزی پر 15 دکاندار گرفتار، تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی کی زیرنگرانی عالمو چوک میں آٹے کی قیمت کے کنٹرول کے حوالے سے کارروائی کی گئی

کلی ملک عمر خان واساء اراضی پر قبضہ ختم کرانے کیلئے احتجاج کا اعلان

قبضہ ختم نہ ہوا تو علاقائی عمائدین اور مکین سخت احتجاج کریں گے، فیصلہ

کوئٹہ(پ ر) انجمن اتحاد نوجوانان کلی ملک عمر خان، ائیرپورٹ روڈ کے جاری کردہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ کلی ملک عمر خان میں واسا کی اراضی پر سابق ایکسین کی جانب سے مبینہ قبضے کو ختم کرانے کے حوالے سے ہونے والے مذاکرات ناکام ہوگئے ہیں، جس کے بعد علاقائی سیاسی، قبائلی اور سماجی عمائدین نے قبضہ ختم کرانے کیلئے سخت ردعمل دینے اور احتجاجی تحریک (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

اوستہ محمد، ایس پی اوستا محمد حافظ معاذ الرحمٰن سے ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ نیک محمد ملاقات کررہے ہیں

نئے صوبے بنانے کا اختیار صرف اور صرف عوام کو ہے' میر طاہر بزنجو

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء سابق سینیٹر ودانشور میر طاہر بزنجو نے کہا ہے کہ آج کل ملک میں نئے صوبے بنانے کا چرچا ہے اور ہماری اطلاعات کے مطابق اس حوالے سے بڑی سیاسی جماعتوں اور مذہبی رہنماؤں کو اعتماد میں لیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ انگریزوں کے آنے سے پہلے سندھ میں میرتالپوروں (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

آٹے کی قیمتیں روز بروز عام آدمی کی قوتِ خرید سے باہر ہوتی جارہی ہیں' مولانا رفیق

صوبے کے غریب عوام دو وقت کی سوکھی روٹی کے ایک ایک لقمے کے لیے ترس رہے ہیں

کوئٹہ(پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

قوم شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی' نور محمد دمڑ

شہدائے زیارت نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر بلوچستان کے امن، ریاست کی عزت اور قانون کی بالادستی کو قائم رکھا۔

زیارت کے شہداء کے چہلم کے موقع پر آج زیارت میں قرآن خوانی اور ختمِ قرآن کا روح پرور اور باوقار اہتمام

زیارت خبرنامہ(خ ن) حاجی نور محمد خان دمڑ کے زیراہتمام سانحہ زیارت کچھ زیارت کے شہداء کے چہلم کے موقع پر آج زیارت میں قرآن خوانی اور ختمِ قرآن کا روح پرور اور باوقار اہتمام کیا گیا۔ محفل کا مقصد شہدائے زیارت کے ایصالِ ثواب، مغفرت اور درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعائیں کرنا تھا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر سی ایم ڈی وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ اور ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

اسرائیلی فورسز نے آبادکاروں کے ہاتھوں محصور 9 فلسطینیوں کو حراست میں لے لیا

مغربی کنارہ (این این آئی) مقبوضہ مغربی کنارے کے علاقے نابلس میں اسرائیلی آبادکاروں نے ایک فلسطینی خاندان کے گھر کو 3 گھنٹے سے زیادہ دیر تک گھیرے میں رکھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آبادکاروں نے محمد (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

میونسپل کمیٹی لورالائی کا اہم اجلاس، کونسلران کا انتظامی امور اور مبینہ بے ضابطگیوں پر اظہارِ تشویش

میونسپل کمیٹی کے انتظامی، مالی اور عوامی امور سمیت شہری مسائل پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) میونسپل کمیٹی لورالائی کے وائس چیئرمین ٹھیکیدار حاجی محمد نذیر اوتمانخیل کی سربراہی میں میونسپل کمیٹی ہال میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں میونسپل کمیٹی کے انتظامی، مالی اور عوامی امور سمیت شہری مسائل پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں میونسپل کمیٹی کے معزز کونسلران نے بھرپور شرکت کی اور اپنے اپنے حلقوں میں عوام کو درپیش مسائل، ادارے کی کارکردگی اور بلدیاتی امور کے حوالے سے اپنے تحفظات اور تجاویز پیش (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

صوبے پر علی بابا چالیس چوروں کا ٹولہ مسلط ہے' مولانا عبدالرحمٰن رفیق

صوبے کے وسائل کو عوام کی فلاح وبہبود پر خرچ کرنے کے بجائے بدعنوانی کی نذر کیا جارہا ہے۔

کوئٹہ(پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف تشمیری نے کہا (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، سیکرٹری ثانوی تعلیم لعل جان جعفر اور چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ڈاکٹر گلاب خان خلجی، ماہر تعلیم، کتب رائٹرز، ایڈیٹرز اور جائزہ کاروں کی استعداد کار میں اضافے کے لیے منعقدہ تین روزہ تربیتی ورکشاپ کے افتتاح کے موقع پر شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن کے دہشت گردانہ واقعہ کی تحقیقات کے لیے کمیشن نے معلومات طلب کرلیں

کوئٹہ(این این آئی) حکومت بلوچستان نے مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن کے دہشت گردانہ واقعہ/حملہ بمقام مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن، ضلع زیارت اور اس کے نتیجے میں پولیس اہلکاران کی قیمتی جانوں کی شہادتوں پر عدالتی تحقیقات کے چیف جسٹس، عدالت عالیہ بلوچستان کی (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

ملکیتی اراضی پر سرکاری ڈیری فارم منصوبہ ناقابلِ قبول ہے' بازئی قبائل

متنازعہ اور ناہموار اراضی پر منصوبہ بندی عوامی مفاد کے منافی ہے، اعلیٰ حکام فوری نوٹس لیں۔ ہنگامی اجلاس

کوئٹہ(پ ر) موضع خشکابہ ژور اغمرگ، ٹپہ نوحصار، تحصیل وضلع کوئٹہ میں بازئی قبائل کی آبائی اراضیات سے متعلق جاری تنازعات، مبینہ تجاوزات اور کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے مجوزہ ڈیری فارم منصوبے کے خلاف بازئی قبائل کے معتبرین اور عمائدین کا ہنگامی اجلاس منعقد ہوا، جس میں علاقے کی اراضی، ریونیو ریکارڈ، عدالتی احکامات اور مبینہ بے ضابطگیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے بعد جاری مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے۔ کہ مذکورہ اراضی (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

اسفندیار خان کھرل کو شاندار کامیابی پر ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کی مبارکباد

گنداخہ: (نامہ نگار) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے اسفندیار خان کھرل کو PS-30 گمبٹ، صوبجو دیرو سندھ سے رکن صوبائی اسمبلی کی نشست پر شاندار کامیابی حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی کامیابی عوام کے اعتماد اور بھرپور حمایت کا واضح ثبوت ہے۔

پشتون عوام کا معاشی قتل عام اور نسل کشی جاری ہے، پشتونخوامیپ

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر وضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا کے زیر صدارت پشتون قومی جرگہ منعقدہ کوئٹہ کے تیاریوں کے سلسلے میں اجلاس پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

بھوتانی برادران نے اقتدار کے بجائے ہمیشہ عوام کی خدمت کو ترجیح دی ہے' سلیم کاکانی

بھوتانی عوامی کارواں کے پلیٹ فارم سے کارنر میٹنگز اور عوامی رابطہ مہم کا سلسلہ شروع ہوچکا ہے

ڈام سونمیانی (رپورٹ/زبیر بلوچ) بھوتانی برادران حب لسبیلہ کے حقیقی وارث ہیں انہوں نے ہر مشکل وقت میں عوام کے حقوق کا دفاع کیا ہے۔ بھوتانی برادران نے اقتدار کے بجائے ہمیشہ عوام کی خدمت کو ترجیح دی ہے عوام کے ساتھ ان کا رشتہ صرف ووٹ کا نہیں بلکہ پیار محبت اور خلوص کا رشتہ ہے جو ہمیشہ قائم و دائم رہے گا۔ بھوتانی عوامی کارواں کے سینئر (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

وندر' جنگلی محلہ سونمیانی میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے بھوتانی عوامی کارواں کے سینئر رہنماء وڈیرہ عبدالستار انگاریہ وڈیرہ سلیم کاکانی خطاب کررہے ہیں

ماہِ ربیع الاول تاریخِ انسانیت کا سب سے خوبصورت مہینہ ہے' فیاض محمود شیخ

ربیع الاول کا اصل مقصد صرف جشن منانا نہیں بلکہ سیرتِ رسولؐ کو اپنی زندگی کا حصہ بنانا ہے

شکارپور (رپورٹ شاہد گولہ) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور چیئرمین میونسپل کمیٹی شکارپور فیاض محمود شیخ ماہِ ربیع الاول کے موقع پر اپنے جاری کردہ میڈیا بیان میں کہا ہے کہ تاریخِ انسانیت کا سب سے خوبصورت مہینہ ہے۔ یہی وہ مہینہ ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب، خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰؐ کو دنیا میں بھیجا۔ اور ربیع الاول صرف ایک مہینہ نہیں بلکہ ایمان کی تازگی اور محبتِ رسولؐ کا پیغام ہے۔ اس ماہ کی آمد پر دلوں میں روشنی اور گھروں میں برکت (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

پولیس اہلکاروں کی چہلم کے موقع پر سنجاوی میں قرآن خوانی اور ایصالِ ثواب کیلئے فاتحہ خوانی

کوئٹہ(خ ن) سانحہ مانگی ڈیم زیارت میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کی چہلم کے موقع پر سنجاوی میں قرآن خوانی اور ایصالِ ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کا اہتمام کیا گیا۔ صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ اور ڈپٹی کمشنر (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں ٹرانسپورٹ شعبہ تباہ ہوچکا ہے' حبیب اللہ بادیزئی

قومی شاہراہوں پر سفر ناممکن ہوچکا ہے۔ مہینوں سے مسافر کوچ، بسیں نہیں چل رہیں۔ صدر ٹرانسپورٹرز

کوئٹہ(پ ر) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ خان بادیزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ٹرانسپورٹ کا شعبہ اس وقت مکمل تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے، صوبے کی قومی شاہراہوں کی خستہ حالی، امن وامان کے مسائل، غیر ضروری رکاوٹوں اور دیگر مشکلات کے باعث ٹرانسپورٹرز شدید معاشی بحران کا شکار ہیں۔ حکومت فوری طور پر ٹرانسپورٹرز کے لیے خصوصی ریلیف پیکیج کا اعلان کرے۔ کوئٹہ میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

فاطمہ خان کا عبدالخالق اچکزئی کے جوان سال بیٹے کے انتقال پر اظہارِ تعزیت

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی صوبائی نائب صدر فاطمہ خان نے مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما اور اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)

کوہلو کی عظیم وبزرگ شخصیت میر مڑ زیحان بجارانی مری انتقال کرگئے

کوہلو (نذر بلوچ قلندرانی) تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کوہلو کی معروف، بزرگ اور باوقار قبائلی شخصیت میر مڑ زیحان بجارانی مری گزشتہ شب حرکتِ قلب بند ہونے کے باعث انتقال کرگئے۔ مرحوم کی نمازِ جنازہ ان کے آبائی علاقے نیصو بہ قبرستان (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)

جیکب آباد: سول ہسپتال کے عملے کی غفلت اور سہولیات کے عدم وجود نے 15 سالہ بچے کی جان لے لی

جیکب آباد (رپورٹ انیس جکھرانی) جیکب آباد کے علاقے چندہ محلہ کا رہائشی 15 سالہ بچہ راحب علی ولد غلام عباس میرانی جھولے سے گر کر شدید زخمی ہوگیا۔ بچے کو فوری طبی امداد کیلئے (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

کراچی میں پشتون عوام کی تضحیک ناقابل قبول ہے۔ سید صادق آغا

پشتون عوام خصوصاً ہوٹل مالکان کے ساتھ ہتک آمیز رویہ فوری بند کیا جائے

کوئٹہ(پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کراچی میں پشتون عوام، خصوصاً ہوٹل مالکان اور کاروباری افراد کے ساتھ مبینہ ہتک آمیز اور ناروا رویے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی قوم، زبان یا برادری کو اس کی شناخت کی بنیاد پر تضحیک، ہراساں یا دیوار سے لگانا قابل قبول (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ زیر تعمیر صحبت پور بائی پاس کا معائنہ کررہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر کالورالائی یونیورسٹی میں آئی ٹی ہب کا دورہ

بی ایس ڈی آئی پروگرام کے تحت قائم کیے جانے والے آئی ٹی ہب کا تفصیلی معائنہ کیا

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے یونیورسٹی آف لورالائی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے بلوچستان سوشل اینڈ اکنامک ڈویلپمنٹ انیشیٹو (بی ایس ڈی آئی) پروگرام کے تحت قائم کیے جانے والے آئی ٹی ہب کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کا مقصد منصوبے پر جاری کام، تعمیراتی پیش رفت، سہولیات اور مستقبل میں اس کے مؤثر (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں مغربی تہذیب کے بڑھتے ہوئے اثرات سے نوجوان نسل کو محفوظ رکھنے کی ضرورت ہے۔ مولانا عبدالرحمٰن رفیق

نوجوان نسل کو مادر پدر آزاد معاشرت کے بجائے اسلامی تہذیب وتمدن کے دامن سے وابستہ رہنا چاہیے

کوئٹہ(پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرستِ اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ نوجوان نسل مغربی تہذیب کے بڑھتے ہوئے اثرات سے متاثر ہوکر اپنی دینی اخلاق اور تہذیبی (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

سرباب گیس آفس کو کسی بھی صورت میں کسی اور مقام پر منتقل کرنے کی کوشش برداشت نہیں کی جائیگی، غلام نبی مری

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن غلام نبی مری نے سوئی سدرن گیس کمپنی کے جنرل منیجر راحیل ملک اور سرباب زونل منیجر خان محمد بلوچ سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

لورالائی' شہریوں کا بلوچستان فوڈ اتھارٹی سے بڑے ہوٹلز اور ریسٹورنٹس کی باقاعدہ اور اچانک چیکنگ کا مطالبہ

لورالائی کے بڑے ہوٹلز، ریسٹورنٹس، شادی ہالز اور دیگر کھانے پینے کے مراکز کا باقاعدگی سے معائنہ کیا جائے

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) شہر میں کھانے پینے کے معیار اور صفائی ستھرائی سے متعلق شہریوں نے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی توجہ ایک اہم عوامی مسئلے کی جانب مبذول کراتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ لورالائی کے بڑے ہوٹلز، ریسٹورنٹس، شادی ہالز اور دیگر کھانے پینے کے مراکز کا باقاعدگی سے معائنہ کیا جائے، خصوصاً ان مقامات پر جہاں روزانہ بڑی تعداد (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

ہر سال کی طرح اس سال بھی میلادِ مصطفیٰؐ کے سلسلے میں عظیم الشان ریلی وجلوس

شرکاء نے پورے جوش وخروش کے ساتھ "مرحبا یا مصطفیٰؐ کے فلک شگاف نعرے بلند کیے

جعفر آباد (نامہ نگار مقصود احمد مہر) ہر سال کی طرح اس سال بھی میلادِ مصطفیٰؐ کے سلسلے میں عظیم الشان ریلی وجلوس دربارِ عالیہ غوثیہ القادریہ، اوستہ محمد روڈ، ڈیرہ اللہ یار پہنچا اور اختتام پذیر ہوا۔ جلوس میں ہزاروں کی تعداد میں عاشقانِ رسولؐ، علماء کرام (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

میلادِ مصطفیٰؐ کے سلسلے میں عظیم الشان ریلی وجلوس دربارِ عالیہ غوثیہ القادریہ، گوٹھ اسد خان کھوسہ، قیدی شاخ پل سے انتہائی عقیدت ومحبت اور شان وشوکت کے ساتھ نکالا جارہا ہے

پروفیسر انور زیب کا وفد کے ہمراہ شعراء بلوچستان ادبی فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر مستونگ کا دورہ

مستونگ(پ ر) بلوچستان رائٹرز فورم کے چیئرمین پروفیسر انور زیب نے وفد کے ہمراہ شعراء بلوچستان ادبی فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر مستونگ کا دورہ کیا، جہاں فاؤنڈیشن کے مرکزی صدر نذیر آبادی، جنرل سیکرٹری ملک لیاقت سیماب اور سرپرستِ اعلیٰ رحیم ویدن چوتوہی نے وفد کا پرتپاک استقبال کیا۔

سیاسی جماعتیں عوامی مسائل کے حل کیلئے مشترکہ تحریک چلائیں۔ حلیم صادق

کوئٹہ میں گیس، بجلی اور پانی کے بحران کی وجہ سے شہری عذاب میں مبتلا ہیں۔ صوبائی جنرل سیکرٹری

کوئٹہ(پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان نے کوئٹہ میں گیس، بجلی اور پانی کے سنگین بحران پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام قومی وصوبائی سیاسی جماعتوں سے اپیل کی ہے کہ عوام کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کیلئے مشترکہ تحریک شروع کی جائے۔ عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کوئٹہ میں صحافیوں سے بات (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

سرکاری ٹاٹوں کی انتہائی کم قیمت پر نیلامی اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان کا کارروائی مقدمہ درج

کارروائی کے دوران جیولوجسٹ/ ڈپٹی ڈائریکٹر طلحہ بگٹی کو گرفتار کرلیا گیا، جبکہ دیگر مبینہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپوں کا سلسلہ جاری ہے

مقدمے میں نامزد یا مبینہ طور پر ملوث دیگر افراد کی گرفتاری کے لیے اینٹی کرپشن بلوچستان کی ٹیمیں مختلف مقامات پر کارروائیاں کر رہی ہیں

کوئٹہ(خ ن) محکمہ آبپاشی بلوچستان کے قیمتی سرکاری اثاثوں، گاڑیوں اور بھاری مشینری کو مبینہ طور پر انتہائی کم قیمت پر نیلام کیے جانے کے معاملے پر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان نے کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ درج کر لیا، جبکہ تحقیقات کا دائرہ وسیع کر دیا گیا ہے۔ کارروائی کے دوران جیولوجسٹ/ ڈپٹی ڈائریکٹر طلحہ بگٹی کو گرفتار کر لیا گیا، جبکہ دیگر مبینہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپوں کا سلسلہ (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

بلوچستان نے حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج کے شعبے میں پہلی پوزیشن حاصل کرلی

کوئٹہ(خ ن) بلوچستان نے حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج کے شعبے میں پہلی پوزیشن حاصل کرلی۔ آغا خان یونیورسٹی کے آزادانہ سروے TPVICS راؤنڈ 3 کے مطابق بلوچستان میں حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج 56.6 فیصد تک (بقیہ 75 صفحہ 3 پر)

جعفر آباد' 14 اگست یومِ آزادی پاکستان کے سلسلے میں پروقار تقریب

تقریب کے دوران طلبہ و طالبات نے مختلف پروگرامز میں حصہ لیا

جعفر آباد (نامہ نگار مقصود احمد مہر) 14 اگست یوم آزادی پاکستان کے سلسلے میں دارالسرور میرالی کالونی سینٹر میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں طلبہ و طالبات نے بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ شرکت کی اور ملی جذبے سے سرشار ہوکر شاندار پرفارمنس پیش کی۔ تقریب کے دوران طلبہ و طالبات نے مختلف پروگرامز میں حصہ لیا، جن میں ملی نغمے، نعتِ رسولِ (بقیہ 76 صفحہ 3 پر)

جعفر آباد' 14 اگست یومِ آزادی پاکستان کے سلسلے میں دارالسرور میرالی کالونی سینٹر میں پروقار تقریب میں شریک بچے کا گروپ فوٹو

شکارپور' کراکری، گارمنٹس اینڈ جنرل اسٹور ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ) کی جانب سے یومِ آزادی کے موقع پر تقریب

اتحاد و اتفاق میں برکت ہے اور ہزار مشکلات کے باوجود تنظیم کو مستحکم اور مضبوط بنانا بہادری کی نشانی ہے